Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۶ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۴ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۸ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء جلد ۲۰

حصہ اول

خلاصہ آرڈران کونسل ریاست رامپور و خلاصہ احکام جناب صاحب پریسیڈنٹ کونسل

نمبر	مضمون	صفحہ
(۱)	تقرر اختر حسن خان بعہدہ کمپنی افسر فرسٹ راجپوت رجمنٹ انفنٹری	۲
(۱)	اعلان امتحان انڈین پولیس سروس منعقدہ ۱۹۳۴ء بمقام الہ آباد	۳
(۲)	فانی سلسلہ ملازمت احمدالدین اہلمد	
(۳)	انتظام سلسلہ سکبدوشی بابو بھوگی لال تحصیلدار شاہ آباد	″

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈران کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل :- واقع ۸ اپریل ۱۹۳۳ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۵ - اپریل ۱۹۳۳ء میں طے پایا کہ حسب تجویز صاحب آرمی منسٹر بہادر لفٹنٹ کرنل عبد القدیر خاں کا نام بوجہ فوتی یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے ملازمت سے خارج کیا جائے۔

(۲) سابق سکنڈ لفٹنٹ اختر حسن خاں کا تقرر بعہدہ کمپنی افسر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں از یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے بموجب تجویز صاحب آرمی منسٹر بہادر بشاہرہ پچاسی روپیہ ماہوار منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ جات سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

ایک نقل اندراج گزٹ ہو۔

[illegible]

احکام اجلاس جناب پریذیڈنٹ صاحب کونسل

اعلان

امتحان انڈین پولیس سروس سنہ ۱۹۳۴ء بمقام الہ آباد
۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۴ء سے شروع ہوگا۔ ریاست ہذا کے
جو امیدوار شریک ہونا چاہیں۔ انکی درخواستیں ۲۸ مئی سنہ ۱۹۳۴ء
تک دارالانشاء میں موصول ہونا چاہئیں۔

حکم ہوا کہ

اس اعلان کی ایک نقل بغرض اندراج گزٹ جناب
ڈپٹی سکریٹری صدر کے پاس مرسل ہو۔

۱۸ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط جناب پریذیڈنٹ صاحب کونسل

حکم

مورخہ ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

بہ تحریر جناب ناظم صاحب بحوالہ منشی بہادر
موسومہ جناب چیف منسٹر بہادر بارہ صدور
حکم منظوری قائمی سلسلہ ملازمت منشی
احمد الدین احمد دفتر صاحب ناظم
بحوالہ منشی بہادر جو یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء
تخفیف برخاست ہوکر بحکم ۷ اگست سنہ ۱۹۳۲ء
دوبارہ ملازم ہوا ہے۔ دس ماہ چند یوم
ملازمت سے علیحدہ رہا۔

حکم

احمد الدین احمد کا سلسلہ ملازمت برقرار
رکھا جانا منظور ہے۔
ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ بعد اجرائے
احکام کاغذات کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط جناب پریذیڈنٹ صاحب کونسل

روبکار

مورخہ ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ چونکہ منشی بھوگی لال
تحصیلدار شاہ آباد کا تقرر اسپیشل مجسٹریٹ کورٹ آف
وارڈس ضلع مراد آباد پر ہوگیا ہے۔ لہذا حسب تحریر
صاحب ریونیو منسٹر بہادر منشی بھوگی لال تحصیلدار شاہ آباد
کو خدمات سے سبکدوش کیا جاتا ہے۔ اور منشی
مسعود علیخاں تحصیلدار بیرونجات مشاہرہ ذاتی
کو باضافہ تین روپیہ ماہوار تحصیلدار شاہ آباد مقرر
کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب پریذیڈنٹ صاحب کونسل